دریافت فرمائی۔ تو اہل مجلس کے تمام بزرگوں، اہل علم اور اہل معرفت کے سامنے زبان مبارک سے فرمایا کہ سید عالم جناب کے فرزندوں میں سے ہیں۔ سب لوگوں نے جب یہ بات سنی تو وہ آپس میں باتیں کرنے لگے۔ جس وقت ان کی زبان پر یہ گفتگو تھی۔ تو حضرت شاہ ماتہ نے ان کی گفتگو سن کر فرمایا کہ اے بزرگان اہل دہر۔ سید عالم تو میرے فرزندوں سے بھی زیادہ نزدیک ہیں۔ ان میں اور میرے بیٹوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ مگر یہ سید مغفور کے فرزند ہیں۔ سید مغفور بن سید یحییٰ بن سید حیدر علی بن سید ابو عالم بن سید کرم شاہ ملقب بحری بُو لامسّتِ قادریہ جو طریقت اور حقیقت میں مشہور۔ مظفر بن سید نصیر الدین بن سید نورالدین بن سید موسیٰ قادریہ۔ کے بغداد سے کشف و کرامات کے ساتھ سفر کا وعدہ فرمایا۔ اور مقام اردلی میں قیام فرمایا۔ چنانچہ ہزاروں ان کے مرید ہوئے سید موسیٰ ثانی بن سید شیر بن سید نورالدین ثانی۔ بن سید عبدالرزاق۔ بن شاہ عبدالقادر جیلانی جن کے حالات سورج کی مانند روشن ہیں۔ شہنشاہ شاہ ماتہ نے یہ بھی فرمایا کہ جو شخص اس کرسی نامہ کا ورد کرے ــــــ اس کی ہر مراد بر آئے گی۔

بیس سال علم مرشدی...... خضر سے سید عالم کو مع علم معرفت تعلیم و تلقین کرایا۔ جب اس عمر میں پہنچ گئے۔ پھر شاہ جہان قطب عالم حضرت شاہ

ماتہ نے انہیں شہر اردلی روانہ کیا۔ سید عالم شہنشاہ کی خدمت میں مشغول رہے۔ پھر سید عالم کو فرمایا کہ دس سال سپاہیانہ نوکری کرو۔ ہر مرتبہ بار باران کو روانہ فرمایا۔ اور پورے دس سال رد و بدل جنگ و جدل رہے۔ کبھی بخریت کبھی فتح یاب اور کبھی شکست میں ملک سراندیب (لنکا) میں گزارے۔ ایک لاکھ تین ہزار اشرفی ان کاموں میں پیدا کی اور جناب شاہ ماتہ کی خدمت میں لائے اور تمام اشرفیاں اکٹھی کر کے اپنے مرشد کے حضور میں پیش کیں۔ جناب شاہ ماتہ دریا گنگا کے کنارے تشریف رکھتے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ اے سید عالم ان اشرفیوں کو دریا میں ڈال دے۔ جس وقت انہوں نے ان اشرفیوں کو دریا میں ڈال دیا تو وہاں حاضر لوگوں کے دل میں خیال گذرا کہ کسی طرح یہ اشرفیاں ان کے ہاتھ لگیں جو آپ نے دریا میں ڈلوا دیں۔ اسی وقت شہنشاہ شاہ ماتہ نے فرمایا۔ کہ اے دریا گنگا ہماری اشرفیاں واپس دیدے۔ فوراً وہ اشرفیاں دریا سے باہر آ گئیں۔ سید عالم حیران اور پریشان ہوئے اور قدم بوس ہو کر عرض گزار ہوئے کہ جناب میں نے حسب الامر یہ زر اپنے ہاتھ سے لا کر جناب کی خدمت میں گزارا۔ میری کیا طاقت ہے کہ اب ان کا خیال بھی کروں۔ حضرت شاہ ماتہ نے از راہ مہربانی پھر دریا کو حکم دیا کہ یہ اشرفیاں لے جا۔ وہ اشرفیاں پھر دریا میں گم ہو گئیں۔ پھر تمام آدمیوں کو اور سید عالم کو

چونکہ ملازم تھے۔ واپس وداع فرمایا۔ اور روزانہ شفقت کی نسبت حکم فرمایا۔ حضرت شاہ ماتہ نے بیراگیوں۔ سناسیوں اور جوگیوں۔ کی رفاقت میں سید عالم کو رخصت فرمایا۔ کہ تم اسی زمرے میں رہ کر خداوند کریم کے اسم کا ذکر کرو۔ اور فرمایا کہ اے سید عالم ان کی ہر مجلس میں مزا چکھ کر آ شہنشاہ کے حکم کی تعمیل میں سید عالم رخصت ہوئے اور تین سال تک بیراگیوں کے زمرے میں شامل رہے۔ اور جو کچھ منتر اور اوراد دیکھے اور خدا تعالیٰ کے اسم کو اپنی زبان اور دل کے جذب سے ورد کیا اور اسم الک سیکھا۔ وہاں سے روانہ ہو کر سنیاسیوں میں آئے اور سراندیپ (لنکا) کے ملک میں مہادیو کے مقام پر دو سال گزارے۔ اور اس جگہ ان کی ریاضت ہوئی اور اسم باری تعالےٰ میں جذب ہوئے تو دل سے زبان تک نرائن ہو سیکھا۔ پھر فرقہ جوگیوں میں ایک مقام پر جو کہر کے نام سے مشہور ہے، دو سال رہے۔ لیکن جوگی ان کو اپنی مانند نہ بناتے تھے۔ کہ جب تک کہ وہ اپنے کان نہ چھدوائیں۔ الغرض کانوں کو چاک کیا اور سوراخ کرائے۔ ان سے نرد بازی اور سردد (گانا) تمام سیکھا۔ اور خداوند کریم کا اسم جو ان کی زبان میں جاری رہتا۔ الک بزبان ہوا۔ بعد دو سال سیکھ کر سند حاصل کی۔ پھر جوگیوں کے زمرے میں آئے۔ اور ہمیشہ ان کے سیوک رہے۔ گورو نانک بانیاں اور گرنتھ صاحب سیکھا اور اسم باری

تعالےٰ ان کی زبان پر اس طرح صادر ہوا۔ ہو۔ "ابوٗ" اس کے بعد حضرت شاہ ماتہ کی خدمت میں آئے۔ تمام لوگوں نے ملاقات کی۔

ایک روز بھری مجلس میں سب لوگوں نے نے اپنے اپنے ہنر اور فن اور باری تعالےٰ کا نام جس طرح انہوں نے سیکھا ہوا تھا پیش کیا۔ پھر شہنشاہ نے علم کیمیا کے متعلق پوچھا تو سید عالم نے اپنی زنبیل میں ہاتھ ڈالا۔ اور سونے کا ایک ٹکڑا نکالا۔ دوسرے آدمی کو دیا اور کہا کہ بازار میں جا کر اس کو بیچ آ۔ اور اس سونے کے ٹکڑے سے ایک "تن" لاؤ۔ اسی وقت وہ آدمی اس سونے کو ہاتھ میں لے کر ایک خوبصورت جوان یہودی کو خرید لائے۔ سید عالم نے اس کو کہا۔ کہ کہو۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ اور ہاتھ اس کی پشت پر پھیرا۔ اور فرمایا کہ ہر شخص اس سے ہر علم سے کوئی سوال پوچھے۔ مجلس آراستہ تھی۔ پانچ سو سوال اس سے پوچھے گئے۔ اس شخص نے ہر سوال کے تین جواب دئے۔ پہلا علم کلام سے۔ دوسرا علم حدیث سے۔ تیسرا نص یعنی قرآن مجید کی آیت سے بیان کیا۔ سید عالم نے فرمایا کہ علم وہ ہے کہ جس پر کیمیا بھی نذر ہے۔ لیکن حقیقت آگاہ غوث الاعظم شاہ شاہاں شاہ ماتہ نے زبان سے فرمایا۔ کہ یہ علم دوسرا ہے اور سید عالم سے پوچھا کہ اس منزل پر کس طرح پہنچے۔ آپ نے عرض کیا۔ سات سال بجز پروردگار میں نے کسی طرف دھیان نہیں دیا۔

سات سال کے بعد جس وقت آپ اردلی کے مقام پر تشریف لائے اس وقت قطب شاہ نظام الدین زیارت کے لئے آئے۔ معرفت کی گفتگو میں مشغول تھے۔ اسی وقت سید عالم کو بلا بھیجا۔ بلانے پر سید عالم اسی حالت میں باہر آئے۔ اور کپڑے زیب تن کر کے حضرت شاہ ماتہ کی خدمت میں حاضر ہو کر منظور نظر ہوئے۔ شیخ المشائخ، شیخ نظام الدین نے جس وقت سید عالم کو دیکھا فرمایا کہ یہ پھر رکن عالم پیدا ہوا ہے۔ اور بار باران پر مہربانی فرماتے رہے۔ اس وقت سات پہاڑ تھے۔ حضرت شاہ ماتہ ان پہاڑوں پر جاتے تھے مگر کسی کو علم نہ تھا کہ وہ کہاں جاتے ہیں۔ آپ جناب سید عالم کو ہمراہ لے کر ان پہاڑوں پر چلے گئے جب پہاڑ کے پہلے درے تک پہنچے تو ایسی آواز آئی کہ معلوم ہوتا تھا کہ تمام جہان باہر آ گیا ہے۔ اس کے جواب میں شہنشاہ نے فرمایا۔ خیر خیر ہے۔ غلام بیکس ہے۔ جب پہاڑ کے دوسرے درے پر پہنچے تو ایسی ہولناک آواز سنی کہ بندے کے ہوش و حواس گم ہو گئے۔ وہاں علی شاہ ماتہ صاحب نے جواب دیا کہ یہ غلام بیکس ہے۔ چالیس دن تک وہاں استقامت پکڑی اور مراقبہ میں مشغول رہے۔

اس کے بعد شاہ ماتہ صاحب تیسرے پہاڑ تک پہنچے۔ وہاں ایک آدمی پہاڑ سے باہر آیا اور حضرت شاہ ماتہ سے پوچھا کہ یہ کون ہے جس کو آپ

ہمراہ لائے ہیں۔ انہوں نے فرمایا۔ یہ غلام بیکس ہے واسطے علم حاصل کرنے کے لایا ہوں۔ وہاں اُنھیں چالیس روز اور دو ماہ تک علم اور عمل سکھلایا گیا۔ اس کے بعد چوتھے پہاڑ پر پہنچے۔ ایک ہولناک آواز کانوں میں پہنچی آپ کس کو اپنے ہمراہ لائے اور کیوں لائے۔ شاہ ماتہ صاحب نے فرمایا۔ میرا بیٹا ہے، لایا ہوں، قبول کیا جائے۔ اس وقت دھوئیں کی مانند ہوا پیدا ہوئی۔ جب پہاڑ کے بالمقابل آئے تو ایسا معلوم ہوا کہ آسمان سے لیکر زمین تک طوفان آرہا ہے شاہ ماتہ نے فرمایا، اپنی آنکھیں بند کرلے۔ میں نے آنکھیں بند کرلیں۔ جب وہ طوفان نزدیک آیا تو شاہ ماتہ نے فرمایا آنکھ بند رکھتے ہوئے بسم اللہ پڑھ کر ہاتھ پھیلاؤ۔ جو کچھ ہاتھ میں آئے۔ اس کو زمین پر مت پھینکنا۔ سید عالم نے اسی طرح کیا کہ جو کچھ ہاتھ میں آیا مثل لقمہ تھا۔ بتاتے ہیں کہ میں زمین پر بیٹھ گیا۔ جب میں نے آنکھ کھولی۔ تو کیا دیکھتا ہوں کہ خیریت نہیں۔ پہاڑ کی آواز سے ایک آدمی باہر آیا۔ اور شاہ ماتہ کی خدمت میں آکر بیٹھ گیا۔ وہ ایسا آدمی تھا کہ اس نے مجھے تفسیر اور منطق حدیث اور فقہ طریقت اور معرفت سکھانا شروع کیا۔ شاہ ماتہ نے فرمایا۔ کہ اے سید عالم کسی جگہ تو نے یہ علم سنا یا پایا۔ میں نے عرض کی کہ میں نے کسی جگہ یہ نور انوار نہ دیکھا نہ سنا۔ کیونکہ یہ علم، نورِ عشق ہے۔

پھر وہاں سے روانہ ہوئے اور پانچویں پہاڑ پر پہنچے۔ وہاں سے آواز آئی۔ کہ اس جگہ ذکر کلمہ طیبہ اونچی آواز سے کرو۔ جب شاہ ماتہ اس کے اندر پہنچے تو وہاں ایک آدمی ظاہر ہوا جو مانند فرشتوں کے تھا۔ جیسا کہ اس نے بیان کیا وہ کہنے میں نہیں آسکتا۔ مجھے سکھلایا گیا اور بہت شفقت فرمائی گئی۔ اس کے بعد آگے روانہ ہوئے۔ جب چھٹے پہاڑ پر پہنچے دیکھا کہ وہاں آتش شوق ایسی بھڑکی ہوئی تھی کہ پہاڑ اور زمین اور درخت اور وہاں کی تمام مخلوق شوق عشق میں مشغول تھی۔ جس وقت ہم اس پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے تو کیا دیکھا۔ کہ ایک آدمی سرخ رنگ کا ہمارے سامنے آکر بیٹھا اور شوق کا کلام شروع کیا۔ عمل اور علم تمام شوق صاحبان عشق کا آتش بیانی سے شروع کیا۔ اگر یہ کلام دوزخ پر سنایا جاتا تو دوزخ جل کر خاکستر ہو جاتا۔

یہ علم بھی وہاں سے حاصل کیا۔ اور بہت مرحمت بھی حاصل کی۔ پھر ساتویں پہاڑ پر پہنچے، آوازیں آئیں۔ مرحبا۔ مرحبا۔ وہ پہاڑ نور اور نورانی تھا۔ جب پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے تو جو کچھ دیکھا نہ کہنے میں آسکتا ہے نہ لکھنے میں۔ وہاں کہا گیا کہ یہ کیفیت کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ یہ مکان لامکان ہے۔ اور نور الانوار ہے۔ وہاں سے رخصت ہو کر واپس آنے لگے۔ شاہ ماتہ صاحب سے عرض کی۔ آنجناب نے رخصت کل عرب کے واسطے دی۔ اس وقت سید

عالم نے سر سجدے میں رکھا۔ اور عرض گزاری کہ بندہ ملک عرب کے لائق اپنے بدن میں طاقت نہیں رکھتا۔ کیونکہ وہاں تمام انبیاء و اصحاب و تابعین موجود ہیں۔ اگر شورکوٹ میں حکم عطا ہو تو وہاں پہنچ کر باقی عمر کا حصہ خدا کی یاد میں گزارے۔ حضرت نے فرمایا جس جگہ آپ کہیں، وہاں جائیں۔ پھر مجلس میں آئے اور مجلس میں آسمان اول کی باتیں چھڑ گئیں۔ ان آدمیوں میں سے صاحب معرفت و کرامت اور حقیقت حسن پٹھان نے کہا تیسرا روز ہے کہ سید عالم نماز دوگانہ اپنے مکان میں پڑھتے ہیں۔ جب انہوں نے التحیات سلام کے ساتھ پڑھ لی تو کھڑے ہوئے۔ کیا دیکھا کہ حسن پٹھان آسمان سے اونچا ہے۔ میں نے اس کا دامن پکڑا تو معلوم ہوا کہ وہ آسمان چہارم پر پہنچ گیا ہے۔ دوسری دفعہ میں نے ہاتھ مارا پر ہرگز کچھ بھی معلوم نہ ہوا کہ اس کو ہوا لے گئی۔ شہنشاہ شاہ ماتہ نے فرمایا کہ اس میں سب آدمیوں میں سے دوگنا حقیقت دی ہوئی ہے۔ اس نے دوگنی معرفت حاصل کی ہوئی ہیں۔ لیکن جسے فرزند سید عالم نے پکڑا ہے۔ وہ امانت تھی اور جو قطب الاعالم شیخ الاعلم کی امانت تھی۔ اور بحکم پروردگار یہ معرفت حضرت شاہ ماتہ تک دست بدست پہنچی۔ اور انہوں نے یہ امانت سید عالم تک پہنچائی جس سے یہ اعلیٰ درجہ پر پہنچے۔ تمام دنیا ان کی نظر فیض اثر میں ایک ذرہ کے مانند ہوگئی۔ عالم غیب کی فیض رسانی ہر طرح سے ان کو پہنچائی گئی اور وہ دونوں جہان میں نور سے منور ہو گئے۔ راز کی باتوں کے کھولنے والے، بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرنے والے سیدالا نام سید عالم اسمائے شریعت و رموز معرفت حاصل کر کے واپس ہوئے۔ اسی جگہ فیض اللہ قطب مرشد یہ شیخ نظام الدین اور شیخ جود شیخ امیر خسرو کی خدمت میں رہے۔ مجلس میں برابر بیٹھے تا آنکہ بات حقیقت ذکر و فکر شروع ہوئی۔ چنانچہ قطب زماں نے فرمایا کہ مرشد سے معلوم ہوا کہ ذکر تین قسم کا ہے پہلے نفی اور اثبات۔ دوم پاس انفاس۔ خفیہ سوم نقش اسم ذات۔ تین ذکر حاشیہ میں دیکھیے۔ ایک گھڑی کا فکر برسوں کی عبادت سے بہتر ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلُہٗ وَ آخِرُہٗ. ظَاھِرُہٗ وَ بَاطِنُہٗ. ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ. وَ الظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ. وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

نفی اثبات کا طریقہ تین طرح کا ہے۔ اول ذکر جلی۔ دوسرا ذکر خفی۔ تیسرا صورت شفا ہے۔ معنی نفی اثبات حاصل کرنا چاہیے۔ چوتھا طریقہ ہے۔ نفی کر دیا جاوے جو الہ باطل ہے۔ اور اثبات کرے حق کو۔ یعنی کوئی نہیں معبود سوائے برحق کے۔ دوم نفی ممکنات اور اثبات کرے واجب الوجود کو یعنی نہیں ہے موجود یہ دنیا اگر موجود تو صرف وحدت الوجود۔ سوم اس وقت نفی

کرے ممکنات کواور اثبات کرے اپنے کو۔

خیز نہ میں اطلاع ہے۔ کہ ہر چیز ہر نسبت ہر اشارت نفی گردان کراور وجود مطلق کی طرف اثبات کرے۔اور اثبات کرواس شے کی جو وجود حق ہے اور طریقہ ان انفاس کی چند قسم ہے۔پہلی نوع ہے۔ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ ھو۔اللہ اللہ ھو ھو زندہ۔حی ۔فانی فانی۔ظاہر اور باطن اول اور آخر۔جب سانس باہر جاوے۔پہلا کلمہ تصور کرے لَا اِلٰـہ۔جب سانس اندر جاوے کلمہ دوم حاصل کرے پھر تصور کرے اول لَا اِلٰـہ دوم اِلَّا اللّٰہ پہلا ناسوت دنیا ہے۔پھر ہر ایک کا نتیجہ حاصل ہے۔ دلکوت یعنی عالم ملائکہ۔وجروت یعنی عالم ارداح۔ ولاہوت وہاہوت ظاہر ہوگا۔تصور ہر ایک اور نتیجہ ہر ایک کا مرشد سے معلوم ہو گا۔شہنشاہ حضرت شاہ ماتہ صاحب فرماتے ہیں۔کہ اللہ اللہ اللہ۔اسم ذات کو زبان سے کہہ۔ بحدث دم سانس کو روک کر۔وگرنہ کھولنے والا جسم اور بولنے والی زبان حیرہ ہو جائے اور آنکھ اندھی ہو جائے۔یہ بے عدد ہے۔(بغیر شمار کے پڑھو) پہلے دل بے اختیار ہوگا۔پھر تمام عضو اور بال بال اس کے بعد تمام چیزیں ذکر کرنے والی ہو جائینگی۔ذکر ارادت اور فائدہ اس کا یہ ہے کہ مرید ہر لحظہ والا ہوتا جائیگا۔اور یہ طریق اور اللہ کے کھینچنے کا طریق مرشد سے قطب زبان شہنشاہ شاہ ماتہ سے معلوم کریں۔ جب مجلس میں امیر کبیر خسرو آگے

ہوئے۔اس حد تک قطب الزمان، اتام انعام مرشد راہ باری امام علی الحق کی خدمت میں بیٹھے۔ جب ان کے روزہ متبرکہ پر پہنچے۔تو کانوں میں آواز پہنچی۔مرحبا مرحبا اے سید عالم۔ تین بار اس آواز کو سنا۔اور یہ سنائی دیا کہ جمال فائز الانوار سے مشرف ہوئے۔ان کی زبان مبارک سے سنا کہ مدت ہوئی کہ اولیا جناب کی قسموں سے اقلیم سے اس جگہ خلوت میں آئے۔ان سے سنا گیا۔کہ عالم شاہ نے یہ ولایت ہر دروازے سے جذب دل سے اور نظر انوار سے شہنشاہ شاہ ماتہ سے حاصل پائی ہے۔کہ کوہستان اور جنگل منور اجناس سے فائز ہوئے ہیں۔اور وہاں ام العجبان کی حکایت درمیان آئی۔ کہ گرداگرد دار السلطنت لاہور اور سندھ شاہجہان آباد۔ وقدرے دکن۔ سیالکوٹ وتمام ملک چناب دارالومان ملتان تک۔اور قصبہ وموضع ہائے شہنشاہ حضرت شاہ ماتہ بفضل اقبال اثار کہ جن اور آدمی اور کیڑے مکوڑے۔درندے وپرندے۔ مکڑی اور مورچے۔تمامی خدا کے یاد میں مشغول ہیں۔اور ان سے تین سو ساٹھ تن خدا کے واصل ہو گئے ہیں۔اس حکایت کے سننے سے میں دیدار کا مشتاق ہوا امام الانعام نے فرمایا۔اے سید عالم جب فقر تمام ہو جائے تو خدا کی تمامی صفات حاصل کر لیتا ہے۔ایسا فقیر دکھاؤں اور ایسا پیر جس کی دعا قبول ہو۔" قبول دعا از ہر باب از ایں اختر الناس با تمام رسانیدم، واز ایں

فرسودہ معرفت الحال قبول دعا رحمت جو عامل جہاں شدند"

شاہِ جہاں یعنی شاہ ماتہ نے رخصت ہوئے فرمایا اور پھر رخصت حاصل کی۔ اس وقت سید امام علی نے درخواست کی کہ ایک ہفتہ اسی جگہ تشریف رکھیں۔ آپ سات دن اُسی جگہ پر رہے۔ جس وقت روضہ مبارک پر آتے تھے تو تمام آدمی روضہ سے باہر بیٹھتے تھے۔ اور اس جگہ کیفیت جہان جہان کی رحش پر اور جو علم تو اجح، اہل اسلام تمام نے کہا۔ سید عالم نے فرمایا کہ یہ اہل مجلس حقیقت اس طرح بیان فرمائی۔ میں نے سنا کہ وہ تحریر میں نہیں آسکتی۔ اور نہ ہی زبان سے بتائی جا سکتی ہے۔ اس نورانی آتش کو کوئی کان سے نہیں سن سکتا۔ اور ہرگز بدن کو خاک میں نہیں ڈال سکتا۔ واللہ اعلم بالصواب شاہ ماتہ چنیوٹ میں سید عالم کی حکمت اور بلاغت کئی آدمیوں کو بتلائی۔ جس وقت پہاڑ کے سرے پر پہنچے تو حضرت شیخ المشائخ قطب الزمان سید اسمٰعیل بالقب بخاری سے ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات میں شیخ اسمٰعیل سے بہت محظوظ ہوئے۔ تمام نیکوکار اور مخدوم بزرگ اس گفتگو کو سن کر حال سے بے حال ہو گئے۔ اور مراقبے میں مشغول اور مستغرق ہو گئے۔

علمِ قرآن کی بھی کئی حقائتیں بیان کیں۔ آخری حکایت سید اسماعیل سے حقیقت زہد کی، درمیان میں لائے۔ چنانچہ سید اسماعیل نے فرمایا کہ تین بار اسی پہاڑ پر میں نے علم معرفت مہتر خضر علیہ سلام سے سیکھا۔ اور قرآن مجید کا ہر لفظ سات سو معنی میں ان سے سنا جنہیں میں نے اپنے دل پر نقش کر لیا۔ اور ہمیشہ سورت مزمل پڑھتے ہوئے دریا میں کھڑے ہو کر روزہ کے ساتھ چلہ کیا۔ قطب الاقطاب سید جلال الدین نے فرمایا کہ زہد کی کوئی حد نہیں۔ اب بس کرو۔ کہ تمہارا بدن بہت لاغر ہو چکا ہے۔ ان کے فرمان سے میں نے وظیفہ نیم ہزار کر دیا۔ اور سورت مزمل روزانہ پڑھتا رہا۔ جب سید عالم نے یہ بات سنی۔ تو جواب میں فرمایا۔ کہ پانچ ماہ اول وقت مہتر خضر علیہ السلام سے تفسیر پڑھی۔ اور برائے تکرار بخدمت حضرت شہنشاہ شاہ ماتہ میں عرض کیا۔ انہوں نے وہ علم، زبان سے بیان فرمایا۔ کہ نہ تو زمین سے نہ فرشتوں سے میں نے سنا۔ اور تین سال علم معرفت بطور جواب وسوال یزداں و نورانی مرشد سے پڑھا۔ چنانچہ چار چلہ سورت مزمل مرشد کے گھر میں بیٹھ کر پورے کئے اور چار چلے کوہ سراندیپ میں سورت مزمل کا ورد کرتے ہوئے کیے۔ اور چار چلے شاہ جہاں شیخ نظام الدین کے حجرہ میں سورت مزمل پڑھتے ہوئے کیے۔ اور دوسرے چہار چلے اورنگ آباد میں بحضور شاہ ماتہ پڑھے۔ اسی سبب سے سورت مزمل معرفت کے گھر میں۔ اسی طرح حرف قرآن مجید کے حرف دیکھے۔ تو ہر حرف کے بیچ میں نورانی صورت نظر آئی۔ پھر حضرت شہنشاہ شاہ

ماتہ نے مہربانی فرمائی اور کہا کہ وظیفے کو اب بند کرو۔ اور ذکر و فکر کلمہ طیب شروع کرو وداع کر دیا۔ اس طرح میں اس جگہ پر پہنچا ہوں۔

پھر حضرت اسمٰعیل بخاری کے جواب میں کہا کہ بالا راجہ نے ہندوی زبان میں فرمایا کہ اس جگہ تشریف لے آئیں اور چند دن یہاں ٹھہریں کہ میں آپ سے کچھ علم حاصل کروں۔ سید عالم نے فرمایا۔ کہ مجھے استاد و مرشد نے شورکوٹ جانے کا حکم دیا ہے۔ میں وہاں جا رہا ہوں۔ جس وقت سید اسمٰعیل فرمائیں گے آ جاؤں گا۔ سید اسمٰعیل رخصت ہو کر سوار ہوئے۔ اسی روز شیخ المشائخ برہان شاہ سے ملاقات ہوئی۔ تین روز ان کی خدمت میں گزارے اور طریقت کی جو باتیں مرشد سے ملی تھیں آپس میں ہوئیں۔ چونکہ وہ بھی شہنشاہ شاہ ماتہ کے مرید تھے۔ لہٰذا دوستوں کی مانند چند دن خاموشی سے گزارے۔ انہوں نے مجھ سے بہت سی باتیں سیکھیں۔ اسی اثنا میں ایک خوبصورت عورت اور نیک سیرت ان کے آگے حاضر ہوئی۔ اور عرض کیا کہ مدت ہوئی کہ میرا شوہر تجارت کے واسطے بلخ کی طرف مدت گیا تھا۔ مجھے کوئی خبر نہیں کہ کہاں گیا اور کہاں گم ہو گیا۔ خدا کے واسطے دعا فرمایئے کہ وہ آ جائے۔ شیخ برہان الدین نے فرمایا کہ چار سال گزر چکے ہیں۔ وہ دریائے بلخ میں غرق ہو چکا ہے۔ سید عالم شاہ گیلانی نے جس وقت یہ سنا تو جلالت میں آ کر اس سے فرمایا کہ تیرے شوہر کا نام کیا ہے۔ اس عورت نے کہا۔ نور الدین۔ سید عالم نے فرمایا کہ اے برہان الدین! نور الدین کو بلاؤ۔ شیخ برہان الدین نے کہا میں فقیر صابر ہوں۔ سوائے صبر کے کوئی قوت نہیں رکھتا۔ سید عالم نے فرمایا۔ اے نور الدین بیا۔ بیا۔ ان کے دو بار فرمانے سے نور الدین حاضر ہو گیا۔ ہر شخص نے دیکھا۔ سید عالم نے فرمایا۔ کہ اتنی مدت تم نے کہاں گزاری۔ جب اتنی دیر بعد آئے۔ نور الدین زمین کے پردے میں خدمت اور مجلس قطب عالم غوث اعظم حضرت پیر دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ العزیز میں تھا۔ علم حاصل کرتا تھا۔ میں نے ایک آواز سنی کہ مجھے سید عالم نے طلب فرمایا ہے۔ جناب شیخ عبدالقادر کی زبان مبارک سے یہ بات نکلی جلدی جاؤ۔ یا حضرت میں آپ کی خدمت میں پہنچ گیا۔ سید عالم نے فرمایا۔ کہ جا اپنی عورت کی خدمت کر۔

چنانچہ وہ عورت مرد چلے گئے۔ جس وقت سید عالم صاحب شیخ اسمٰعیل سے رخصت ہوئے اور ملہ کے مقام پر محمد غوث سے ملے تو انہوں عرض کی کہ آپ چند دن یہاں تشریف رکھیں کہ میں علم تفسیر اور علم منطق معرفت بیان کروں۔ آپ اس کو سنیں۔ چنانچہ ایک دن ہر دو صاحبان کی مجلس آراستہ تھی کہ ایک آدمی نے حاضر ہو کر التجا کی کہ اے مشائخ عظام، میں بوڑھا

ہو گیا ہوں میرے بال سفید ہو چکے ہیں۔ میں صاحب حاجت ہوں۔ میں اولاد نہیں رکھتا۔ خدا کے واسطے میرے حق میں دعا فرما دیں کہ خدا مجھے لڑکا عطا کرے۔ سید عالم نے فرمایا، خدا کی قدرت سے تیرے دو بچے پیدا ہو نگے۔ ایک کا نام لطف علی اور دوسرے کا نام محمد علی رکھنا۔ اور وہ دونوں خدا کے اسما الاشنا جنان اور منان میں داخل ہو نگے۔ اور مرتبہ ولایت پر پہنچیں گے۔ دوسرے دن نماز ظہر کے بعد محمد غوث نے کہا کہ اے سید عالم، غوث الثقلین حضرت پیر دستگیر کو محی الدین کیوں کہتے ہیں؟ اس کا کیا سبب ہے؟ سید عالم نے جواب میں فرمایا کہ میں ایک دن خدمت فیض در جنت حضرت شاہ ماتہ بیٹھا تھا یہ بات چھڑ گئی۔ کہ ان جناب کا قدم ہر ولی کی گردن پر ہے۔ تو حضرت شاہ ماتہ صاحب نے فرمایا۔ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے سید عبدالقادر جیلانی کو مانند عیسےٰ بوسیدہ ہڈیوں کے زندہ کرنے والا فرمایا ہے۔ اور جناب محمد رسول اللہ نے محی الدین سے فرمایا ہے۔ اسی وجہ سے محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی نے ہر اولیا کی گردن پر قدم رکھا۔ بلکہ کل اولیا جو ان سے پہلے فوت ہو چکے تھے اور اپنی قبروں میں آرام کر رہے تھے، کارکنان قضا اور قدر ان جملہ اولیاؤں کو بیدار کیا انہوں نے جناب کا قدم اپنی گردنوں پر رکھا۔ اگر کوئی شخص اس بات میں شک لائے۔ تو وہ فاسق ہے۔ اسی باعث امت

سرور عالم کی شفاعت سید عبدالقادر جیلانی پر لازم ہے۔ اور اسی سبب سے دو جہان میں فریادرس ان کا نام رکھا گیا ہے۔ ان باتوں کے سننے سے مجھ پر جمال قادریہ منور ہوا۔ جناب غوث الاعظم نے فرمایا۔ اے سید عالم، تو میرا محبوب ہے اور میری آنکھوں کا نور ہے۔ میرا ہی اسم تیرے واسطے کافی ہے۔ یہ شربت پی لے۔ میں ایک لحظہ چپکا رہا۔ حتیٰ کہ شہنشاہ کی آواز میں نے سنی۔ کہ پی لے کیونکہ وقت آ چکا ہے۔ جب میں نے ایک گھونٹ پی لیا۔ تو میدان زمین اور آسمان عرش اور کرسی میں نے ظاہراً دیکھے۔ اس وقت تک وہ لذت میرے منہ سے باہر نہیں نکلی۔ جو علم کہ میں نے دیکھا اور سنا تمام چیزیں مجھ پر کشف ہو گئیں۔ وہاں سے وداع ہو کر کھیوا شہر میں آئے۔ جیسا کہ جناب سید عالم نے فرمایا ہے۔ تمام لوگ اور صاحب خان ماتنی اور اس کے گھر کی بیواؤں اور تمام قریشیوں نے ملاقات کی۔ دوسرے دن شیخ المشائخ فقیر شیخ علی نے قدم بوسی کی۔ سید عالم نے پوچھا کہ تم نے کس قدر عمر گزاری۔ تو انہوں نے کہا کہ پہلے علم پھر یاد خدا پھر زہد ریاضت میں گزاری۔ اس زہد اور نیاز مندی کے بعد تیس سال کے بعد کعبۃ اللہ کی طرف گیا۔ اور اس جگہ تین حج کیے۔ وہاں سے مدینہ کی طرف روانہ ہوا۔ وہاں گیارہ سال مسجد نبوی کا پانی سر اور کندھے پر لاتا رہا۔ اس جگہ مجھے حکم ملا کہ بی بی جلالی کا عشق حاصل کرو۔

وہاں سے آ کر میں نے اس محبت کو حاصل کیا۔ سید عالم نے فرمایا۔ خدا تعالیٰ تیرے فقر کو اپنی نگاہ میں رکھے۔ جب جھنگ سیال شہر میں جناب تشریف لائے تو جھنگ کے تمام آدمی آپ کے مرید ہوئے۔ چنانچہ صاحب حشمت و شوکت جہان خاں بھی حاضر ہوئے۔ اور سید محی الدین جیلانی بھی مرید ہوئے اور بہت خدمت بجالائے۔ اس کے بعد خدیجہ بی بی اور ساراں زوجہ جہان خان سیال کوئی لڑکا نہ رکھتے تھے، جناب کی خدمت اقدس میں عرض کی کہ 45 سال گزر چکے ہیں۔ اولاد سے محروم ہوں۔ اگر اللہ تعالیٰ آپ جناب کی دعا سے فرزند عطا کرے تو جناب کا مرید بناؤں اور شرینی آپ کے خدمتگاران کے واسطے پیش کروں۔ سید عالم نے دعا فرمائی اور خدا تعالیٰ نے اس کو سات ماہ کا بچہ عطا فرمایا۔ جس وقت سید عالم شاہ کی خدمت میں خبر پہنچی تو آپ نے اس کا نام غازی خان رکھا اور دعا فرمائی۔ وہ سات ماہ کے بعد پانچ سو روپیہ نقد اور ایک لگام گھوڑا مع زریں زین و ایک مہار اونٹ اسکے علاوہ اور بھی بہت سی چیزیں لائے۔ آں جناب نے وہ شیرینی محی الدین کو عطا فرمائی۔ اور دیگر غریب اور مساکین میں تقسیم کردی۔ کیا ہندو کیا مسلم۔ کیا سید کیا قریشی سب کو راضی کیا۔ صرف گھوڑا اور اونٹ اپنے پاس رکھا۔ وہاں سے رخصت ہو کر حضرت سید عالم بحکم یزدان شورکوٹ تشریف لائے۔

اور یہاں قطب عالم اولیا زماں طریقت نشان شیخ المشائخ شیخ محمود اولیا غازی جو بزرگ صحابہ کی اولاد سے تھے سے ملاقات کی۔ ہر طرح کی خوشی اور شادمانی ان کے آنے سے ہوئی۔ تمام لوگ کیا ہندو کیا مسلم سب مرید ہوئے۔

شورکوٹ میں شیخ المشائخ محمد غازی اولیا مقام رکھتے تھے۔ اسی سبب سے سید عالم نے اپنا مقام شورکوٹ سے نیچے رکھا۔ تمام ہندو اور مسلمان سید اور قریشی ،قاضی اور پٹھان برادر زیارت کے واسطے آتے رہے۔ تمام سادات اور اہل قریش اور انصاری قانون گو، کمبوہ، دوسرے شیخ اور اہل علم تمام مرید ہوئے۔ اور دن رات مجلس میں حاضر رہتے تھے۔ اور گرد ونواح کے تمام لوگ مطیع اور فرماں بردار تھے۔ چنانچہ اللہ داد شاہ مفتی ہر روز جناب کی خدمت میں آتے اور پوچھتے کہ اسم ذات کی آتش کی کتنی وسعت ہے۔ سید عالم نے جواب میں فرمایا۔ اللہ داد شاہ وسعت امکان اسم ذات پروردگار کو کوئی شخص پہنچ نہیں سکتا۔ اصل اس کی زبان ہے۔ اور اس اسم کی شاخیں ہر آسمان میں ،ہر بہشت میں، ہر گھر میں، ہر قصبہ میں اسم ذات کی لذت ہے۔ ہر انبیا کیا مرسل کیا نبی۔ سب برکت اسم ذات کی۔ جملہ ولی اور قطب اور غوث اور اوتار سب ظہور اسم ذات کا ہے۔ اس کے علاوہ میں نے حضرت شہنشاہ شاہ ماتہ سے

سنا ہے۔انہوں نے فرمایا تھا۔ کہ میں ایک روز کوہ قاف کی طرف گیا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ اے کوہ قاف کیا تو زمرد سے پیدا ہوا ہے۔ کیونکہ تیری صفت بہت ہے۔ کہ تیرے ایک جوہر کی قیمت شمار میں نہیں آتی۔ چنانچہ تیرے ایک ٹکڑے جوہر کی قیمت دس لاکھ بتلائی ہے۔اور اس ٹکڑے میں ہزار گوہر، ہزار موتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تجھے زمین کے گرداگرد پیدا فرمایا ہے۔ ہر پہاڑ جو روئے زمین پر ہے تیری ہی جڑ ہے۔ کوہ قاف نے شہنشاہ کی خدمت میں عرض کیا کہ جو اوصاف آپ نے بیان فرمائے ہیں۔ خداوند کریم نے مجھ میں پیدا کئے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے دوزخ پیدا کیا ہے۔ اور اس کی آگ جو میں نے سنی ہے اس کی گرمی مجھ تک پہنچی ہے۔ اس پاک پروردگار نے آسمان سے برف بھیج دی۔ چنانچہ دوزخ کی آگ برف کے سبب ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ جس وقت دوزخ کی آگ کا ایک شرارہ مجھ پر پڑتا ہے۔ تو میرا تمام اندام ہوا کی مانند لرزہ کھاتا ہے اور تمام زمین کانپنے لگ جاتی ہے۔ میں اس ڈر سے اپنے پاک پروردگار کی صفت اور ثنا پڑھتا ہوں۔ اے میرے مالک تیری تعریف کی کوئی حد نہیں۔ یہ میرا ورد ہے۔ کوہ قاف کی اس گفتگو سے حضرت شاہ مانہ صاحب دس روز تک گریہ اور زاری میں مشغول رہے۔ اور مقام حیرت اور تفکر میں گزرے۔ بعد افسوس کے کوہ قاف نے کہا۔ حیات

المیر صاحب نے اسم ذات میرے اندر تحریر فرمایا ہے۔ ہر جواہر اسی سبب سے ہے۔

اور ہر ایک گوہر میں عشق کی کشش پیدا ہوتی ہے۔ جب کوئی اسم ذات زبان پر لاتا ہے دوزخ کی آگ اور دوزخ کی ٹھنڈک دونوں محو ہو جاتے ہیں۔ اور جس وقت اسم ذات زبان پر جاری ہوتا ہے تو تمام درندے، پرندے پہاڑ دوسری تمام اجناس سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔ خداوند کا شکر کرنا ہمیشہ میرا کام ہے۔ حضرت شہنشاہ شاہ مانہ نے فرمایا۔ اے کوہ قاف جس کسی کو اسم ذات دیا جاتا ہے اور جب دل میں بیٹھ جاتا ہے تو دو جہان کی سرداری اس کو مل جاتی ہے۔ اور اس کی زبان سے بوسیدہ ہڈیاں زندہ ہو جاتی ہیں۔ ہر ضمیر میں جو ہر اسم پروردگار کا ہے۔ قرآن مجید میں یہ جز آئی ہے۔ کہ اصل اس کا ثابت ہے۔ اور اس کی شاخیں آسمان تک چلی گئی ہیں۔ بلکہ ہر ضمیر کے اندر اصل ہے۔ اور شاخیں اس کی علیین تک پہنچی ہیں۔ کوہ قاف نے فرمایا۔ جب یہ سانس کے اندر جاتا ہے۔ تو حیات کا امدادی ہے۔ اور جس وقت باہر آتا ہے۔ تو یہ تفریح ذات ہے۔

اسی اسم ذات کو سید عالم نے آدمیوں کو سکھاتا۔ اسی اسم ذات کو بارہ ہزار دفعہ ہر دن رات پڑھنا۔ تلقین فرمایا۔ اس سے دونوں جہان کا انکشاف

ظاہر ہو جاتا ہے۔ ہر دینی اور دنیوی امور اس سے پھل پاتے ہیں بعض لوگ
الحمد پڑھتے ہیں۔ انہی باتوں میں سید عظیم بھٹی نے عرض کیا۔ کہ اسم ذات کو
سانس کے ساتھ کھینچا جائے یا زبان کے ساتھ۔ انہوں نے فرمایا جیسے تو پہنچ
سکتا ہے ویسے کر۔ نقل ہے کہ ایک روز اپنے گھر سے برآمد ہونے کے وقت
قاضی جان محمد کو طلب فرمایا۔ اس سے پوچھا کہ تو نماز کس طرح پڑھتا ہے۔
اس نے کہا کہ اگر مجھ میں طاقت ہو تو ایک طہارت سے پانچ نمازیں ادا کر سکتا
ہوں ورنہ نہیں۔ سید عالم نے فرمایا کہ شریعت کی بھی یہی حد ہے لیکن ایک نماز
کے واسطے دس غسل لازم ہیں۔ اہل حقیقت اس کو نہیں پہنچ سکتے۔ چنانچہ شیخ
عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں۔

ہزار بار بشویم دہاں بمشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

نقل ہے کہ جمعہ کا دن تھا کہ جناب سید عالم نے جمعہ کی نماز کے
بعد جان محمد قاضی کو جو سید الدین کی اولاد سے تھا بلایا اور اس سے پوچھا کہ
قاضی حمید الدین کس قدر ولایت میں شغلی اور مکاشفہ رکھتا تھا۔ اس نے عرض
کی کہ میں نے اپنی والدہ سے سنا تھا۔ کہ چالیس مرتبہ حق کا مشاہدہ کرتے
تھے۔ اور تمام دن آنکھ بند کئے مراقبہ میں رہتے تھے۔ اسی طرح ہر رات

مکاشفہ کرتے تھے۔ سید عالم نے فرمایا کہ اس نے حقیقت میں اچھا سلہ حاصل
کیا۔ اور ساتھ ہی علم ظاہر کو بھی انتہا تک پہنچا۔ انہی باتوں میں قاضی
حمید الدین کی روح اپنے جسم کے ساتھ حاضر ہوئی اور کہا۔ اے سید عالم شیخ
المشائخ شیخ بہاؤالدین ذکریا رحمۃ اللہ علیہ کا سارا خاندان ہمیشہ زہد و ریاضت
کرتے تھے۔ دن کو ہمیشہ روزہ اور ختم قرآن۔ اور رات کو تمام رات نماز اور ختم
قرآن میں گزارتے تھے۔ سید عالم کے واسطے صرف ایک دن کافی تھا۔ کیونکہ
وہ ہمیشہ زیر دامن شیخ عبدالقادر جیلانی رہتے تھے۔

ذکر لائے ہیں کہ سید عالم شاہ نے سید قاسم کو فرمایا۔ کہ جان محمد قاضی
نے آج روزہ رکھا ہے۔ اور روزے کے سبب نہیں آیا۔ آپ کو چاہیے۔ کہ ان
کی خدمت میں جائیں۔ اور پوچھیں یا ساتھ لائیں۔ سید قاسم حسب فرمودہ
جناب جان محمد کی جانب گئے۔ دیکھا تو وہ سوئے ہوئے ہیں۔ جب نزدیک
جا کر دیکھا۔ تو ان کی جان قالب سے نکل گئی تھی اور وہ بے جان پڑے تھے۔
سید قاسم سید رسول کی خدمت میں آئے اور کہا۔ کہ حضرت محبوب عالم شاہ نے
مجھے بھیجا تھا۔ قاضی جان محمد کی طرف کیونکہ انہوں نے روزہ رکھا ہوا تھا۔ جب
میں اس جگہ پہنچا تو کیا دیکھا کہ وہ بے جان پڑا ہے۔ اب میں گھر سے کس
طرح جاؤں۔ سید رسول اور سید قاسم دونوں سید عالم کے پاس آئے اور عرض

کی۔ کہ آپ نے قاضی جان محمد کو طلب فرمایا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ فوت ہو چکے ہیں۔ سید عالم نے تبسم فرمایا۔ اور سید رسول کو کہا کہ جان محمد کے دائیں کان میں بانگ اور بائیں کان میں اقامت کہو۔ جس وقت وہ کھڑا ہو جائے اس کو بلا لاؤ۔ جب سید رسول و سید قاسم دونوں وہاں گئے تو دیکھا کہ وہاں تو رونا پیٹنا شروع ہے۔ انہوں نے لوگوں کو ہٹا کر حسب تلقین سید عالم دائیں کان میں بانگ اور بائیں میں اقامت کہی۔ کھڑا ہو گیا۔ اور سلام کیا۔ اور پوچھا خیر سے آئے ہو۔ سید رسول اور سید قاسم نے کہا۔ تجھ کو سید عالم صاحب نے طلب فرمایا ہے۔ وہاں سے روانہ ہو کر خدمت فیض و درجت میں پہنچا اور تسلیمات بجا کر بیٹھ گیا۔ سید عالم نے پوچھا۔ اے جان محمد کہاں تھے۔ دیر کر کے آئے۔ اس نے عرض کیا۔ کہ میں عنایت الٰہی اور امداد ان صاحب سے جناب غوث الثقلین اعظم پیر دستگیر محی الدین جیلانی شیخ عبدالقادر کی خدمت اقدس میں تھا۔ جس وقت جناب نے طلب فرمایا۔ میں حاضر ہو گیا۔ اس وقت ظہر کی نماز ادا کی اور اس کو دعا فرمائی۔ ایک روز عبدالنبی قریشی سید عالم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہنے لگے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کس طرح پروردگار کے ساتھ کلام کرتے تھے۔ سید عالم نے فرمایا۔ کہ میں نے حضرت شاہ ماتہ سے سنا ہوا ہے کہ تین ہزار سوال اور ان کے چوبیس ہزار جواب ان کی کتاب غوثیہ کلاں میں درج ہیں۔ کتاب غوثیہ کلاں مشہور ہے۔ اور میں نے دیکھی اور پڑھی ہوئی ہے۔ اس سے غیب کا علم مجھ پر منکشف ہو چکا ہے۔ اس بات کے سننے پر عبدالنبی نے عرض کی۔ کہ کوئی چیز ہمیں بھی سنوایئے۔ سید عالم نے فرمایا۔ کہ شہنشاہ شاہ ماتہ فرماتے تھے کہ ایک روز میں کتاب غنیۃ الطالبین پڑھ رہا تھا کہ میری نظر آسمان پر پڑی میں نے کیا دیکھا کہ پانچ سو غوث اور اولیا اللہ اڑ کر جا رہے تھے۔ جب میری نظر ان پر پڑی تو میں نے اپنے مرشد کو پہچان لیا۔ میں نے عرض کی کہ نیاز مند بھی آئے۔ فرمانے لگے۔ اڑ کر شہر بغداد پہنچو۔ جب میں مسجد وعظ میں پہنچا۔ کیا دیکھا کہ شیخ عبدالقادر اس مسجد کے ممبر پر تشریف رکھتے ہیں۔ اور تمام صفیں نیکوں اور اولیاؤں سے پر ہیں۔ وہ تمام کھڑے تھے۔ جس وقت جناب شیخ عبدالقادر جیلانی نے نظر اٹھائی اور دست مبارک کھڑا کیا۔ کہا جاؤ یہ بیان غوثیہ کلاں کا ہے۔ اگر یہ کلام تمہارے کانوں میں پہنچے۔ تو آپ آگ سے جل جائیں۔ ان کی مجلس دوسرے وقت پر رکھی گئی۔ شہنشاہ شاہ ماتہ پھر اڑ کر اپنے مقام پر پہنچے۔ سید عالم نے فرمایا اے عبدالنبی سن، اللہ تعالیٰ کا کلام پردہ در پردہ ہے۔ اللہ کے کلام کے ہر حرف پر ہزار پردہ ہے۔ اور ہر پردہ میں جواب سوال ہے۔

نقل ہے کہ ایک دن سید عالم کی خدمت میں شیخ طاہر اور عبدالنبی

اور سید قاسم اور فقیر شاہ علی بیٹھے تھے۔ سید عالم نے حدیث ان المحب عن محب مطیع۔ تحقیق محبٌ، محبوب کے مطیع ہوتے ہیں۔ شیخ طاہر نے کہا۔ کہ اس وقت میں عقل کا مطیع ہوں۔ اور اپنی عقل کا مطیع رہنا چاہیے۔ اور اس محبت سے ڈر رکھا اور پرہیزگاری کے ساتھ پیوند لگا۔ سید عالم نے فرمایا۔ بہترین بات یہ ہے کہ مطیع خدا اور رسول ہو۔ تاکہ تیری جان اور دل تیری دوستداری کریں۔ سید عالم خدا اور رسول کو دوست رکھتے ہیں اور دل کو قید کرنا مشکل ہے۔ شیخ طاہر نے کہا۔ دوستدار اس کو کہتے ہیں۔ کہ دوست کی فرمانبرداری کرے۔ چنانچہ حق سبحانہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں خبر دی ہے وَ تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ تم سب توبہ کرو اے مومنیں تاکہ تم فلاح پانے والے ہو۔ اے بزرگو تم تمام خدا کی طرف پھر آؤ۔ عبدالنبی نے کہا تمام آدمی خدا کو محبت کرتے ہیں۔ چنانچہ جناب سرور عالم کی حدیث میں آیا ہے۔ خیر کی طلب اللہ کی طلب۔ خیر کا ذکر اللہ کا ذکر۔ سید عالم نے فرمایا۔ اے بزرگان تم پر حق کی طلب واجب ہے۔ حق کی طلب کرو۔ ایسا نہ ہو۔ کہ محروم رہ جاؤ۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔ اللہ کی طلب فرض کل فرضوں سے پہلے۔ اے میرے یارو۔ اللہ کی محبت فرض ہے۔ ہر شے سے۔ اے فقیر شاہ علی تجھے اللہ کی طلب کرنی چاہیے۔ اگر تو اللہ تعالیٰ کو شناخت کر لے تو تجھ پر صوری اور معنوی پردے ظاہر باطن کھل جائے۔ جیسا کہ حضرت شہنشاہ ماتہ نے فرمایا ہے۔ میں نے شریعت میں سنا ہے اور پڑھا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ بے چون ہے۔ بے چگونہ ہے۔ بے شبیہ ہے۔ بے نمونہ ہے۔ دانا ہے۔ دیکھنے والا ہے۔ سننے والا ہے۔ ہر چیز پر قادر ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۔ میں تمہارا واحد خدا ہوں۔ پھر کہا۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. اور یہ بھی فرمایا ہے۔ اَللّٰهُ لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ ۔ اور نیز یہ بھی فرمایا ہے۔ بِفَضْلِ اللّٰهِ یا یسطع دیا حکیم یا ثریہ۔ اور مرشد کی تلقین ذات پاک اسم ذات کی پروردگار نے ظاہر کی۔ اور امر شریعت کا قول محکم گردانا۔ فقیر شاہ علی نے جو کچھ تلقین ہے۔ اچھی طرح سمجھ لی۔

جب سید عالم کے کشف کی حقیقت ملتان میں پہنچی تو قطب الانوار مخدومی شیخ بہا الدین ثانی نے اہل مجلس کو فرمایا۔ کہ اے یارو ارادہ کرنا چاہیے۔ کہ یہ راز سید عالم کشف کی نظر سے معاینہ کریں۔ سوار ہو کر دوسرے دلوں کے ہمراہ شور کوٹ میں آئے۔ اور اپنا ڈیرہ اونچے ٹیلے پر لگایا اور خیمے لگائے اس وقت آدمی اطلاع کے واسطے بھیجے کہ ہم ملنے کی خاطر آئے ہیں۔ اگر آپ تشریف لائیں تو بہتر۔ ورنہ ہم خدمت میں حاضر ہوں۔ سید عالم نے

اس بات کے سنتے ہی مجلس آراستہ فرمائی۔اور ہر نوع کے علم کا بیان شروع کر دیا۔جب بہاالدین ثانی نے یہ جانا کہ سید عالم کا علم کسی طور ہمارے ہاتھ نہیں آتا تو حقیقت معانیہ کی طرف ترغیب دلائی۔اور سید عالم کے مدد سے خدمت سرور عالم میں پہنچے۔اور سادہ عرض معروض کی اور حضور سے پوچھا۔

آخرالامر شیخ بہاالدین ثانی حیران رہ گئے کہ اب کیا کرنا چاہیے۔ اپنے یاروں سے فرمایا کہ مرد کامل و مکمل کے لیے یہ دعا کرنے کی جگہ ہے۔ نیاز حاصل کرنے کی جگہ ہے اور انہوں نے پوچھا کہ وہ کس طور سے خدا تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہوتے ہیں،شورکوٹ کے لوگوں نے نشان دیا کہ گانے پر اللہ سے واصل ہوتے ہیں۔سن کر مست ہوتے ہیں۔انہوں نے چوری چوری گانے والوں کو چھپا کر بٹھایا۔اور سید عالم کو ہزار منت سے ہمراہ لائے اور علم معرفت کی گفتگو شروع کردی اُدھر گانے والوں کو اطلاع دی تو انہوں نے گانا شروع کیا۔ایسے مست ہوئے کہ کہنے میں نہیں آسکتا۔اور ایک ہی ۔(زقند) چھلانگ میں ٹیلے سے زمین پر آن پڑے اور اسم ذات زبان پر جاری ہوگیا۔آسمان سے لے کر زمین تک نور پھیل گیا۔آفتاب کی شعائیں دگرگوں ہوگئیں۔تمامی حیران ہوگئے۔شیخ بہالدین ثانی اٹھ کر سید عالم کی خدمت میں آئے۔اور عرض کی کہ اے سید عالم آپ ہر علم میں کامل ہیں۔ آپ کی زیارت کے واسطے آئے ہمیں دعا عطا فرمایئے۔

سید عالم نے فرمایا اے بہاالدین ملتانی تیری اولاد اور تو عزت اور حرمت کے ساتھ رہیگا۔اور معانیہ کے واسطے ایک بھینس شیخ بہاالدین نے طلب کی۔وہ بھینس بوڑھی اور بانجھ ہو۔ملتان پہنچتے ہی بچہ دے گی اور دودھ بہت دے۔اس بات کے سننے پر سید عالم نے اپنے معتمد الخدمت رتہ نامی کو جو کہ خدمتگار تھا۔شورکوٹ بھیجا اور فرمایا کہ اسی طرح کی بھینس ضعیف اور بوڑھی اور بانجھ لے آ۔فقیر جناب کے فرمانے پر اسی طرح کی بھینس لے آئے۔اور شیخ بہاوالدین ثانی کے ملازموں کے حوالے کردی۔وہ جناب سے وداع ہوکر واپس چلے گئے۔جب ملتان کے نزدیک پہنچے تو وہ ایسی موٹی تازی ہوگئی اور حاملہ نکلی کہ کہنے میں نہیں آسکتا۔جب وہ بھینس روضہ متبرک شیخ بہاالدین زکریا پر پہنچی تو اس نے بچہ دیا اور اتنا دودھ دیا کہ آج تک کسی بھینس نے نہیں دیا تھا۔ملتان شہر میں سید عالم کے کشف کا دلولہ بلند ہوگیا۔ اب کہ پہلے سننے میں نہیں آیا تھا۔جب یہ بات شیخ ناصرالدین صاحب سجادہ نشین حضرت شاہ گرویز نے سنی کہ سید عالم کی خدمت میں شیخ بہاالدین ثانی گئے ہوئے تھے۔وہ سوار ہوکر خود منزل طے کرتے ہوئے سید عالم کی خدمت میں شورکوٹ پہنچے۔سید ناصرالدین نے اپنی زبان میں فرمایا۔کہ اے سید عالم

مجھے علم سے وصیت فرمایئے۔ سید عالم نے علم کے ہر دروازے سے انہیں گفتگو سنائی۔ سیدنا صرالدین نے پوچھا کہ جناب سرور عالم کی خدمت میں کوئی چیز قبول نہیں ہوتی۔ سید عالم نے فرمایا اے سیدنا صرالدین جناب سیادت پناہ حضرت شاہ گردیز کا ملتان میں کس طرح ظہور ہوا۔ سیدنا صرالدین نے کہا کہ گردیز ولایت میں لوگوں کو کشف کرامات سے آراستہ کرتے رہے۔ اور وہاں کے بزرگ اور اکابروں سے گوشہ پذیر ہوئے۔ اس جگہ زمین کے نیچے پنہاں ہو گئے۔ چنانچہ سات سال اُن لوگوں نے ان کی تلاش کی۔ مگر ان کا پتہ نہ چل سکا۔ سات سال کے بعد زمین کے نیچے سے آفتاب اور ماہتاب کی مانند ملتان میں سر نکالا۔ آخر الامر تمام آدمی ان کو پہچان کر خدمت کرنے لگے۔ سید عالم نے فرمایا کہ علم ظاہری اور باطنی میں کمالیت تھی۔ ایک روز شاہ ماتہ صاحب نے فرمایا تھا کہ شاہ گردیز اس قدر علم جانتا ہے کہ چالیس سال تک گردیز کی ولایت میں عبدالرحمٰن گردیزی سے سیکھا۔ نیز شہنشاہ نے فرمایا تھا کہ ایک شخص بصرہ سے جس کا نام عبداللہ تھا چوری کرنے کے واسطے اپنے گھر سے نکلا اس کو چھینک آ گئی۔ عبداللہ کی ماں نے کہا کہ چوری کے کام کے واسطے مت جا۔ کیونکہ تجھے جلدی چھینک آ گئی ہے۔ عبداللہ نے ماں کو کہا کہ چوری کرنا گناہ کا کام ہے۔ اور چھینک پر یقین لانا کفر ہے۔ عبداللہ جلدی ہی

چلا گیا۔ وہ آہستہ آہستہ بغداد میں آیا اور جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی خانقاہ پر اس نے نماز ظہر گزاری۔ اس نے سنا کہ جناب کے پیراہن کی قیمت سات سو روپیہ کے قریب ہے۔ اور چادر کی قیمت دو ہزار۔ لوگ ان کپڑوں کی قیمت دینے سے عاجز ہیں۔ جب اس چور نے یہ بات سنی پہلے تو اس نے سوال کیا کہ اے واصلوں کے سردار کوئی چیز خدا کے نام پر دو۔ جناب نے اس کو اپنا کمر بند عطا فرمایا۔ عبداللہ مذکور نے اس کو تین صد روپیہ میں بیچ دیا۔ اور پھر اسی جگہ آیا۔ اس نے دیکھا کہ لباس حجرہ کے اندر ہے اور حجرے کا کوئی دروازہ نہیں۔ جب ایک پہر رات گزر چکی تو عبداللہ چوری کی خاطر اندر آیا اور پیراہن کو ہاتھ لگایا۔ دونوں آنکھوں سے اندھا ہو گیا۔ دونوں ہاتھوں اور پاؤں میں زنجیر پڑ گئے۔ تمام رات قیدیوں کی مانند گرفتار رہا۔ جب دن روشن ہوا اور جناب اپنے ورد وظائف سے فارغ ہوئے تو انہوں نے کپڑے طلب فرمائے۔ جس وقت خادم کپڑے لینے کے واسطے حجرہ میں گیا تو کیا دیکھتا ہے کہ عبداللہ کے ہاتھ پیراہن کے ساتھ بندھے ہوئے ہیں۔ اس نے واپس آن کر عرض کی۔ آپ نے فرمایا۔ عبداللہ کو بمعہ پیراہن یہاں لاؤ۔ جناب نے اپنا دست مبارک عبداللہ کے سر پر رکھا اس کی آنکھیں روشن ہو گئیں۔ ساتھ ہی اس کو پانچ کپڑے عطا فرمائے اور درجہ ولایت پر پہنچا دیا۔ شیخ فرید

ہمدانی فرماتے ہیں کہ جس وقت سید عالم کی وفات نزدیک آئی تو آپ نے تین سوساٹھ مریدوں کو ولایت محمدی میں واصل فرمایا۔اور ایک ہزار اکانوے ہجری (۱۰۹۱ھ) میں اتوار کے دن فوت ہوئے۔ فجر سے لے کر ظہر کی نماز تک روضہ میں قبر سے فارغ ہوئے تو ان کو دفن کیا گیا۔

اگر کوئی تجھ سے پوچھے کہ اگر کسی کو کوئی مصیبت پیش آئے اور اس کے رفع کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو شیخ فرید فرماتے ہیں۔ کہ سید عالم نے آسیدن خواب میں ہمیں فرمایا کہ سورہ اِذَا جَاءَ سو دفعہ پڑھے۔اس کی مصیبت میں یہی کفایت کریگی۔ اگر کوئی پوچھے کہ دل کس طرح روشن ہوتا ہے۔تو ایک لاکھ دفعہ اللہ اللہ کا ذکر کرے۔اور اپنے دل میں نور محمدی کو روشن دیکھے۔

اگر کوئی کہے کہ میں میت کا احوال دیکھنا چاہتا ہوں تو سات روز تک پاک رہے۔اور ہر روز ہزار مرتبہ کلمہ تمجید اور ہزار دفعہ درود شریف پڑھے۔ ہر میت کا حال دیکھے گا۔ بلکہ ان کے ساتھ گفتگو بھی کریگا۔وہ اپنا احوال خود کہے گا۔

شیخ رتہ نے فرید کو فرمایا کہ سید عالم نے ہمارے واسطے فرمایا تھا۔کہ ہمارا کوئی مرید یا شاگرد کسی کی خدمت میں ہرگز نہ جائے۔اور کسی کی منت

وغیرہ قبول نہ کرے ورنہ خدا رسول ان کو مقبول نہ بنائیگا۔

اگر آپ سے کوئی پوچھے کہ تاج اور کمر بند فقر کیا ہے۔اول فقر فنا ہے۔دوم فقر فنا ہے کہ گرے لوگوں کے ہاتھ پکڑنے والا فقر ہے۔

SCANS OF SOME HISTORICAL DOCUMENTS

Introduction

This section of the book contains some facsimiles' of old letters and documents relating to the British Raj and the subsequent period. They are included to give the reader a flavour of our recent historical past.

This period covers the life of my Great, Great Grandfather Pir Gilani Shah, his son Pir Karam Shah and his son, my Grandfather, Pir Syed Zahur Husain Shah. India was then under the British, a period now looked back with nostalgia by some. The major milestones of this period include great famines, upheavals and great injustices to the Mughal and other local rulers but also have instances of provision of stability, good administration and justice to the people. Major engineering installations like roads, railways, dams and water works were also constructed in this period. Most are still serving the people of Pakistan today.

The British ruled by a mixture of force, patronage, justice and inducements of imperial titles and jobs for the sons. Education was provided and local benefactors encouraged to set up institutions to train further workers for the Raj. We may be critical of Macaulay but he set the foundations of our education and Governing apparatus which even today creaks along wounded but still alive.

The family's association with the British was initiated by Gilani Shah when he advised the local resident that a relative of his had died fighting for the British in 1857. This information was sent to Simla where it was processed and the family marked for future favours I suppose! Gilani Shah seems to be a remarkable person.
He made contact with the British and broke the ice by his charm and friendliness. He is identified by the British as a good social worker active in the local community. He seems to be heading a vaccination drive, and supporting social uplift, education and anti criminal programmes. There is no evidence of political or religious activities and most of the work seems to have been done on a voluntary basis. His foresight is seen in educating his son and preparing him to work in the British administrative setup. This tradition of working

in the Government service starting over two generations back from me reflects the sense of duty to country that continues even today. It also shows that not only the men but our women were involved in ensuring that their children were properly educated.

Pir Karam Shah continued this tradition of encouraging education by donating a large piece of land adjacent to his house to the Government to set up a school. My father and his brothers were educated in this school. Today it exists as Girls school.

Included in this section are some papers relating to the life and times of Pir Karam Shah and Pir Zahur Husain Shah to give the reader a flavour of the official life of a working man during the British Raj and Jinnah's Pakistan.

This is to certify that Gilani Shah of Shorkot of the Jhang District is entitled to a chair when visiting English officers in the district.

Given under my seal and signature this 24th May 1879.

" A major break through !"


Translation from the
- Vernacular -

From
Alfred Harkort
Dy. Commr.
Jhang
4th. August 1877.

To
Sayad Gilani Shah
Numberdar
Shorkot

As stated in the order
of the 4th instant by
virtue of the Punjab

To Sayad Gilani Shah Numberdar Shorkot As stated in the order of the 4th instant by virtue of the Punjab


Gazette of 2nd of the current
month (by which the
raises have been
appointed as members
of the Dist: Board) he
has been appointed as
a member of the Dist:
Committee -
He should keep this
paper as a certificate
with him -

Gazette 2nd of the current month by which the Raises have been apprenticed as members of the (heist) committee. He should keep this paper as a certificate with him.



COMMENDATION CERTIFICATE

Force to which belonging* ... Constabulary No. ...

Name ...

Son of ...

Resident of ...

Value of reward given in ...

Has been this day favorably noticed for his exertions in the case of ... versus ...

charged under s. 379 ... with Theft

File Charge Register No. 21 of 1894 Police Station ...

District Jhang

Dated 19 August 1894

District Superintendent of Police.

Commendation certificate for some help in a Police case under section 379 Theft !



Dear Sir,

I must apologise for not answering your letter sooner, and thanking you for its good wishes. Among my friends in Jhang I shall always remember you, as one who was ready to do his best to assist

Reverse of this letter is on next page


in the food procurement
of the District.
Yours truly
Delhi.
Nov. 6th 1885.

Reverse of the letter from the earlier page

Dear Sir

I must apologise for not answering your letter sooner, and thanking you its good wishes. Among my friends in Jhang District I shall always remember you , as one who was ready to do his best to assist in the food procurement of the District

Yours truly

Nov 6 1885


10
Ludhiana
28th Oct./85.

My dear Sir

Syeud Gilani Shah
of Shorekote has called to see
me here and I venture to
give him these few lines in
favor of his son Karam Shah
who has this year passed the
Entrance University Exam.
He is anxious that his son
should learn work before going up
to the Tehsildar's Exam. next year
and if possible get some work
now

Yrs very truly

G.L. Wakefield
DC Ludhiana


My dear Dane
This man is one of
the best in Shorkot &
I think his son might
be allowed to learn
work here. His name
has been sent up for
N.T. but the Commr.
has told him to wait
till next year.

Yrs
M. L. Dames

My Dear sir,
Syed Gilani Shah has called me here and I venture to give him these few lines in favour of his son Karam Shah who has this year passed the University entrance examination.
He is anxious that his son should learn work before going up to the Tehsildar examination next year and if possible get some work now.
Letter to Dane requesting that he be allowed to learn as the Commissioner has told him to wait till next year.



Gilani Shah of Shorkot is one
of the best men in that neighbourho
He is always ready to give assis
tance to Govt. - He belongs to an
old family & is custodian of a
Shrine in Shorkot, and is a m
of local influence. I wish h
well, & hope that his son Kar
Shah may be appointed a
Naib Tehsilda
G.
11-11-85

Gilani Shah of Shorkot is one of the best men in the neighborhood. He is always ready to give assistance to Govt. He belongs to an old family & is a custodian of a shrine in Shorkot and is a man of local influence. I wish him well & hope that his son Karam Shah may be appointed as Naib Tehsildar.

Note: This is how the British cultivated local men of influence and ensured they picked up educated men for the Govt. service. What is remarkable is the way the whole process worked, with complete documentation and delegated authority.



"Gilani Shah" Lumbardar
of Shorkot has several
times been favorably
noticed for his exertions
in various cases
I have great pleasure
in acknowledging his
services

Jhang } Th. Broadway
2.2.77 } D.C.

Gilani Shah Lumbardar (sic) of Shorkot has several times been favorably mentioned for his exertions in various cases. I have great pleasure in acknowledging his services.



My dear Dane

